نام کتاب: ضمیرِ اُمت (شعری مجموعہ)

کاوش فکر: ابوعمر محمد شفیق سلفی

صفحات: 263

قیمت: درج نہیں

ناشر و ملنے کا پتہ: دارالقدس اکیڈمی نزد جامع مسجد المکرم مجاہد ٹاؤن جڑانوالہ روڈ فیصل آباد

شعر و ادب کو ہر دور کے انسانی معاشرے میں قدر و منزلت کا درجہ حاصل رہا ہے۔ اسلام نے بھی ایسے شعراء کی تحسین کی ہے جو اللہ رب العزت کی وحدانیت اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدحت بیان فرمائیں اور اس کے ساتھ اپنی رزمیہ شاعری سے مجاہدین اسلام کے قلب و ذہن کو اس طرح گرمائیں کہ ان مجاہدین کے جذبے اور حوصلے بلند ہو جائیں اور پھر وہ جواں مردی سے کفر کے خلاف سینہ سپر ہو جائیں۔ ضمیر امت اسی سلسلے کی ایک خوبصورت کڑی ہے۔ اس میں محترم شفیق سلفی صاحب نے اسلامی و عسکری جذبات کی عکاسی کرتے ہوئے اُردو میں رزمیہ اور بزمیہ نظمیں اور اشعار حوالہ قرطاس کیے ہیں۔ انہیں پڑھ کر ایک مسلمان کے قلب و ذہن میں اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کا جذبہ جاگزیں ہوتا ہے اور شوق جہاد انگڑائی لیتا ہے۔ میں شاعر اور نقاد نہیں لیکن بعض مقامات پر آزاد شاعری کا عنصر موجود ہے۔ لیکن لائق شاعر نے اپنے جذبات کا اظہار عمدگی سے کیا ہے۔ کتاب کا مقدمہ جامعہ ستاریہ کراچی کے شیخ الحدیث مولانا محمد محمود احمد حسن صاحب نے لکھا ہے اور کتاب پر تاثرات شیخ الحدیث مولانا حافظ عبدالسلام بھٹوی صاحب نے رقم کیے ہیں۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆

نام کتاب: طلع البدر علینا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

کاوش فکر: مولانا علیم ناصری رحمۃ اللہ علیہ

صفحات: 215

قیمت: 150 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ غزنی سٹریٹ رحمان مارکیٹ اُردو بازار لاہور 042-7351124

مولانا علیم الدین ناصری مرحوم کا شمار ان شعرائے کرام میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنی تمام تر علمی و ادبی